# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج، رنگ پور



## Prospectus 2024-25

Contact No. 0336-6791460

Email: principal.gcb.rangpur@gmail.com

Website: gcrangpur.edu.pk

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 1 | پرنسپل کا پیغام | 3 |
| 2 | گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج رنگ پور کا تعارف | 4 |
| 3 | کالج کا تدریسی عملہ | 5-6 |
| 4 | انٹرمیڈیٹ اور ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے مضامین کا انتخاب | 7 |
| 5 | داخلہ کے کوائف، تبدیلی مضمون کے قوانین اور رخصت کی درخواست | 8 |
| 6 | فیس شیڈول اور جرمانہ | 9 |
| 7 | کالج کی سرگرمیاں | 10-13 |
| 8 | کالج کے قواعد وضوابط | 14-15 |
| 9 | داخلہ فارم | 16-18 |
| 10 | ہیلتھ پروفائل | 19 |
| 11 | کالج کا گزشتہ تین سالہ رزلٹ | 20 |
| 12 | رنگ پور کالج کا فخر | 21 |



# پرنسپل کا پیغام

**السلام علیکم:**

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج رنگ پور درخشاں روایات کا حامل ادارہ ہے جہاں نہ صرف طلباء کے کے اذہان کو علم کی روشنی سے منور کیا جاتا ہے بلکہ تربیت کے ذریعے ان کی کردار سازی بھی کی جاتی ہے۔ ہمارا تعلیمی نظریہ کلاس روم سے وسیع تر ہے۔

ہم اپنے طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تا کہ وہ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کریں اور ان کی خوابیدہ صلاحیتوں کو جلاء ملے۔ ہمارا عزم ہے کہ ہم ادارے میں محفوظ، مثبت، عالمانہ فضاء طلباء کو مہیا کریں جو ان کو اس قابل بنائے کہ ان کے اندر مسائل کے ادراک، تنقیدی سوچ اور اعلی عالمانہ نظریات پروان چڑھیں جو ان کو اعلی درسگاہوں اور جدید دور کے چیلنجز کے لئے تیار کریں۔

ہم گورنمنٹ ایسی ایٹ کالج رنگ پور میں اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ تعلیم ہمارے طلباء کو اس قابل بنائے کہ ان کے ایک ہاتھ پر ان کا ثقافتی ورثہ ہو اور دوسرے ہاتھ پر جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجی۔

**گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج رنگ پور کے اہم مقاصد** درج ذیل ہیں۔

**1۔** طلباء کے اندر اللہ تعالی پر یقین کو مستحکم کرتے ہوئے ان کو اسلامی اخلاق و اقدار سے آگاہ کیا جائے۔

**2۔** ایسے نوجوان سکالرز پیدا کیے جائیں جن کو اپنے پاکستانی ہونے پر فخر ہو اور وہ اپنی مادر وطن سے وفادار ہوں۔ ان کو اپنی قومی اقدار سے آگہی ہو اور معاشرتی روایات اور ثقافتی ورثہ کو محفوظ رکھ سکیں۔

**3۔** جسمانی و ذہنی، روحانی اور معاشرتی طور پر ان کی ایسی تربیت کی جائے کہ وہ اپنے آپ کو پاکستان کا اچھا شہری ثابت کر سکیں۔

**4۔** طلباء کو جدید سائنسی علوم سے اس طرح آگاہی دی جائے کہ وہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق خود کو تیار کر سکیں۔

ہم طلباء کو اس کالج میں خوش آمدید کہتے ہیں اور ہم ان شاء اللہ ان کو ایسی مفید اور علمی فضا مہیا کریں گے جو ان کی کامیابیوں میں معاون ثابت ہو گی۔

نیک خواہشات اور دعاؤں کے ساتھ

**پروفیسر محمد کاشف شجاع**

**پرنسپل، گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج، رنگ پور**

**فون نمبر:** 0336-6791460

**ای میل ایڈریس:** principal.gcb.rangpur@gmail.com

**ویب سائٹ:** gcrangpur.edu.pk

# تعارف

## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج رنگ پور ضلع مظفرگڑھ

رنگ پور ضلع مظفرگڑھ کی سب تحصیل ہے۔ یہ دریائے چناب کے مغربی کنارے پر مظفرگڑھ سے 65 کلومیٹر کے فاصلے پر شمال میں جھنگ روڈ پر واقع ہے۔ یہ ایک تاریخی مقام ہے جس کی وجہ شہرت وارث شاہ کی مشہور لوک داستان ہیر رانجھا ہے۔ مشرق میں دریائے چناب اور مغرب میں وسیع صحرا کے درمیان ایک تنگ سی کم زرخیز میدانی پٹی ہے۔ اس علاقے کے لوگ کم آمدنی کے باوجود اپنے بچوں کو پڑھانے کا بے حد شوق رکھتے ہیں حکومت پنجاب نے اس علاقے کی اعلیٰ تعلیم کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے یکم اکتوبر 1989ء کو گورنمنٹ انٹر میڈیٹ کالج رنگ پور قائم کیا۔ اس وقت کلاسز کا آغاز گورنمنٹ ہائی سکول رنگ پور کی عمارت میں کیا گیا۔ 3 دسمبر 2006ء کو یہ کالج اپنی موجودہ نئی عمارت میں منتقل ہوا ہے جو کہ چوک سرور شہید روڈ پر شہر سے ڈیڑھ کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہ جگہ تعلیم کیلئے بے حد پرسکون ہے۔ کالج کا کل رقبہ 20 ایکڑ ہے جس میں نئے اور پرانے بہت سے اشجار ماحول کو خوبصورت بنائے ہوئے ہیں۔

پروفیسر نشاط احمد خان کھیڑا، پروفیسر سرفراز احمد خان کھیڑا (مرحوم)، پروفیسر چودھری سلیم اختر، پروفیسر شکیل اختر قریشی، پروفیسر سعید احمد سعید، پروفیسر نوید انجم اور پروفیسر محمد شاہد اقبال نے بطور پرنسپل اس کالج کی بہتری کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔

اگرچہ یہ کالج ایک دور افتادہ اور پسماندہ علاقے میں واقع ہے جس کی وجہ سے اسے بہت سے مسائل کا سامنا رہا ہے لیکن پھر بھی یہ کالج رنگ پور کھیڑا اور گردونواح میں بسنے والے طلباء کو اعلیٰ تعلیمی معیار مہیا کر رہا ہے۔ اس کالج نے ہمیشہ اچھے نتائج دیئے ہیں۔ گزشتہ 2 سال سے یہ کالج انٹرمیڈیٹ امتحان کے نتائج کے اعتبار سے ضلع بھر کے سرکاری کالجز میں سرفہرست رہا ہے۔ اس ادارے سے فیض یاب ہونے والے بہت سے طلباء بطور ڈاکٹر، انجینئر، استاد، بینکار، صحافی اور زندگی کے بہت سے میدانوں میں قوم کی خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ بہت سے مشہور پروفیسر صاحبان اس کالج میں تدریسی فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔

حکومت پنجاب نے 17 اکتوبر 2014ء کو گورنمنٹ انٹر میڈیٹ کالج رنگ پور کو ترقی دیتے ہوئے ڈگری کالج کا درجہ دے دیا۔ کالج کے کلاس روم کشادہ اور صاف ستھرے ہیں۔ بائیولوجی، فزکس، کیمسٹری اور کمپیوٹر سائنس کی لیبارٹریز جدید ساز و سامان سے آراستہ ہیں۔ کالج میں کھیلوں کیلئے وسیع و عریض خوبصورت میدان ہیں۔ کالج لائبریری میں نادر کتب کا بڑا ذخیرہ موجود ہے۔

ہماری بہترین کاوش ہے کہ ایسی تعلیمی فضاء قائم کی جائے جہاں طلباء اپنے اذہان کو تعلیم سے منور کر سکیں۔ اخلاق کا عمدہ نمونہ بنیں، جذبات میں توازن ہو، معاشرتی طور پر ایک دوسرے کے معاون ہوں۔ حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہوں اور اس بات کا ادراک رکھیں کہ ان کے وطن کی تعلیم اور دانش کے حوالے سے کیا کیا ضروریات ہیں۔

نصابی اور ہم نصابی سرگرمیاں اس مادر علمی کا طرۂ امتیاز ہیں۔ اس ادارہ کے طلباء ضلع، ڈویژن اور صوبہ کی سطح پر علاقہ کا نام روشن کرتے رہے ہیں۔ پرنسپل صاحب ہمیشہ مباحثوں، تقریری مقابلوں، کھیلوں، تفریحی دوروں، سیمینارز اور ورکشاپس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ کالج کے ماحول اور فضاء کو خوبصورت اور صحت مند بنانے کے لیے شجرکاری پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ سٹاف ڈویلپمنٹ پروگرام کے انعقاد کا تسلسل اس کالج کا خاصہ ہے۔ کالج میگزین ''ادب رنگ'' باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے جس سے طلبہ کی تخلیقی اور تحریری صلاحیتوں کو جلا ملتی ہے۔ بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات میں شاندار کارکردگی پرنسپل صاحب کی ذاتی کاوش اور ان کی ٹیم کی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

**پراسپکٹس انچارج**

**پروفیسر قیصر شہزاد**

# کالج کا تدریسی عملہ



## محمد کاشف شجاع

پرنسپل

اسسٹنٹ پروفیسر فزکس (گولڈ میڈلسٹ)



قیصر شہزاد وائس پرنسپل (لیکچرر ریاضی)



شوکت علی (لیکچرار انگلش)



عابد علی (لیکچرر ریاضی)



محمد امجد فاروق (لیکچرر بیالوجی)



محمد جنید (لیکچرر کیمسٹری)



عدیل (لیکچرار ایجوکیشن)



محمد تنویر (لیکچرار اُردو)



حق نواز (اعزازی لیکچرار اسلامیات)



علی ظہور مہدی (لیکچرر کامرس)

# مضامین برائے انٹر میڈیٹ کلاسز

اردو، انگریزی، اسلامیات، مطالعہ پاکستان اور ترجمۃ القرآن لازمی مضامین ہیں۔

ان کے علاوہ درج ذیل گروپس میں سے ایک گروپ اختیار کرنا ہو گا۔

| نمبر شمار | گروپ | مضامین | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | پری انجینئرنگ | کیمسٹری | میتھ | فزکس |
| 2 | پری میڈیکل | کیمسٹری | بیالوجی | فزکس |
| 3 | آئی سی ایس | کمپیوٹر سائنس | میتھ | فزکس |
| 4 | آئی سی ایس | کمپیوٹر سائنس | میتھ | اکنامکس |
| 5 | ایف اے | ایجوکیشن | اسلامیات اختیاری | تعلیم جسمانی |
| 6 | ایف اے | کمپیوٹر سائنس | اسلامیات اختیاری | تعلیم جسمانی |
| 7 | ایف اے | ایجوکیشن | اسلامیات اختیاری | پنجابی |
| 8 | ایف اے | اکنامکس | ایجوکیشن | تعلیم جسمانی |
| 9 | ایف اے | ایجوکیشن | اسلامیات اختیاری | سوشیالوجی |

# ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام

اردو اور ریاضی میں دو سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔

☆ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام چار سمسٹرز پر مشتمل ہو گا۔

☆ یہ پروگرام بہاء الدین زکریا یونیورسٹی کے ساتھ الحاق شدہ ہیں۔

☆ انٹر میڈیٹ میں کم از کم 45 فی صد نمبر لازمی ہیں۔

☆ ایسوسی ایٹ پروگرام اردو میں ایف ایس سی پری میڈیکل، پری انجینیرنگ، آئی سی ایس، آئی کام اور ایف اے پاس کرنے والے طلباء داخلہ کے اہل ہیں۔

☆ ایسوسی ایٹ پروگرام ریاضی میں صرف وہی طلباء داخلہ کے اہل ہیں جنہوں نے انٹر میڈیٹ میں ریاضی پڑھی ہو گی۔ اور ریاضی میں کم از کم 45٪ نمبر حاصل کیے ہوں۔

# داخلہ کیلئے مطلوبہ کوائف

درج ذیل کوائف کی تصدیق شدہ کاپیاں درخواست فارم کے ساتھ لف ہونا ضروری ہے۔
اگر درخواست دہندہ ایسا نہیں کرتا تو درخواست کو نامکمّل تصور کیا جائے گا اور اس کی تمام تر ذمہ داری درخواست دہندہ پر ہوگی۔

☆ میٹرک یا انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ 2 فوٹو کاپیاں۔
☆ کریکٹر سرٹیفکیٹ کی 2 عدد تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں۔
☆ تازہ تصاویر پاسپورٹ سائز 6 عدد۔
☆ طالب علم کے شناختی کارڈ یا ب فارم کی 2 عدد فوٹو کاپی۔
☆ والد یا سر پرست کے شناختی کارڈ کی 2 عدد فوٹو کاپی۔
☆ 4 عدد خط والے لفافے جن کے اوپر طالب علم کا نام اور مکمّل پتہ درج ہونا چاہیے۔
☆ ہر طالب علم انٹرویو کے وقت اپنے اصل کاغذات ساتھ لائے۔
☆ تمام کوائف کو ایک فائل میں ترتیب سے لگایا جائے۔

# مضامین تبدیلی کے قوانین

☆ طالب علم جس نے آرٹس مضامین میں داخلہ لیا ہو وہ مضامین تبدیل کر کے سائنس گروپ میں نہیں جا سکتا۔لیکن سائنس گروپ کا طالب علم مضامین تبدیل کر کے آرٹس گروپ میں آسکتا ہے۔
☆ آرٹس گروپ کا طالب علم آرٹس گروپ میں شامل دوسرے مضامین کا انتخاب کر سکتا ہے۔
☆ تبدیلی مضامین کیلئے جو نوٹس لگایا جائے گا طلباء ان ایام میں مضامین تبدیل کر سکتے ہیں۔
☆ تبدیلی مضامین کی اجازت تب دی جائے گی جب طالب علم دیئے گئے گروپ کا انتخاب کرے گا۔
☆ تبدیلی مضامین کی اجازت متعلّقہ اساتذہ کرام ہی دیں گے نہ کہ یہ طالب علم کا حق ہے۔
☆ مضامین تبدیل کرنے کے بعد طالب علم دونوں اساتذہ کرام کو اجازت نامہ دکھائے گا اگر طالب علم ایسا نہیں کرے گا تو اس کا نام خارج کر دیا جائے گا۔اس کی ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

# رخصت کی درخواست

☆ رخصت کی درخواست پر والد یا سر پرست کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔
☆ رخصت کی درخواست میں نام، رول نمبر، کلاس، سیکشن اور تاریخ کا حوالہ ضروری ہے۔
☆ درخواست برائے رخصت کی اجازت متعلّقہ استاد دے گا۔
☆ ایک ہفتے کی رخصت کیلئے پرنسپل کی اجازت ضروری ہے۔
☆ میڈیکل رخصت کیلئے میڈیکل سرٹیفکیٹ لازم ہے۔

# کالج فیس کا شیڈول

بنک میں فیس جمع کروا کر چالان کی ایک کاپی کالج دفتر میں جمع کروائی جائے۔

| نمبر شمار | فنڈ | انٹرمیڈیٹ | ADP |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس (صرف داخلہ کے وقت) | 80 | 225 |
| 2 | ٹیوشن فیس | 600 | 720 |
| 3 | بورڈ/یونیورسٹی رجسٹریشن فیس (صرف داخلہ کے وقت) | 2500 | 5240 |
| 4 | جنرل فنڈ | 50 | 50 |
| 5 | کالج ویلفیئر فنڈ | 50 | 50 |
| 6 | امتحانی فنڈ | 180 | 180 |
| 7 | میڈیکل فنڈ | 50 | 50 |
| 8 | پارکنگ فنڈ | 100 | 100 |
| 9 | سائنس بریکیج فنڈ | 60 | 120 |
| 10 | کمپیوٹر فنڈ | 300 | 400 |
| 11 | میگزین فنڈ | 120 | 120 |
| 12 | سپورٹس فنڈ | 180 | 180 |
| 13 | سٹوڈنٹ کارڈ فنڈ | 50 | 50 |
| 14 | لائبریری سیکورٹی فنڈ (صرف داخلہ کے وقت) | 500 | 500 |
| 15 | بورڈ/یونیورسٹی الحاق فنڈ | 240 | 360 |
| 16 | ہلال احمر فنڈ | 60 | 60 |

## جرمانہ کی تفصیل

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | ایک پیریڈ میں غیر حاضری | 1روپیہ |
| 2۔ | تمام دن غیر حاضری | 5روپے |
| 3۔ | دوبارہ داخلہ فیس | 150روپے |
| 4۔ | بغیر یونیفارم | 50روپے |
| 5۔ | ٹیوٹوریل پیریڈ میں غیر حاضری | 5روپے |
| 6۔ | سائنس پریکٹیکل سے غیر حاضری | 5 روپے فی پیریڈ |
| 7۔ | امتحان میں غیر حاضری | 200روپے فی پرچہ |
| 8۔ | موبائل فون جرمانہ | 1000روپے |

# تقریب سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویری جھلکیاں






















# یوم اقبال تقریب کی تصویری جھلکیاں






















# سالانہ کھیلوں کی تصویری جھلکیاں

















# سالانہ تقریب تقسیم اسناد کی تصویری جھلکیاں



## ڈیوٹی آفیسر:

دو اساتذہ کرام کی ہر روز یہ ذمہ داری ہوگی کہ وہ کالج کے تعلیمی اور انتظامی معاملات پر نظر رکھیں۔ اگر وہ طلباء کی طرف سے کسی قسم کی بدنظمی دیکھیں تو کالج کی انتظامی کمیٹی کو اطلاع دیں گے۔ جس پر کمیٹی سو روپے سے لے کر ہزار روپے تک جرمانہ کر سکتی ہے۔

**کھیلیں:** طلباء کو کالج کی طرف سے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں کہ وہ اپنی صلاحیتوں کا کھیل کے میدان میں مظاہرہ کریں۔ اس مقصد کیلئے مختلف کھیلوں کا باقاعدگی سے انعقاد کیا جاتا ہے۔

**کالج یونیفارم:** تمام طلباء کیلئے لازم ہے کہ وہ کالج کی یونیفارم سفید شلوار قمیض پہن کر آئیں۔ بغیر یونیفارم کوئی طالب علم کالج میں داخل نہیں ہو سکتا۔

## کالج لائبریری:

کالج لائبریری میں جدید کتابوں کا وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ تمام طلباء کو لائبریری کے ذرج ذیل قوانین کی پابندی کرنا ہوگی۔

- ☆ ایک طالب علم 14 دنوں کیلئے ایک کتاب جاری کروا سکتا ہے۔
- ☆ مقررہ دنوں کے بعد ہر روز کا 1 روپیہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔
- ☆ وہ کتب جن کی قیمت ایک ہزار روپے سے زیادہ ہوگی جاری نہیں کی جائیں گی۔
- ☆ جاری کی ہوئی کتب لائبریری کارڈ پر اندراج کے بغیر کسی کو منتقل نہیں کی جاسکتیں۔
- ☆ اگر کوئی جاری کی ہوئی کتاب پھٹ جاتی ہے یا گم ہو جاتی ہے طالب علم یا تو اس کے متبادل کتاب مہیا کرے گا یا پھر اس کی قیمت کا چار گنا جرمانہ کیا جائے گا اگر کتاب نایاب ہے تو اس کی قیمت کا دس گنا جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ اگر گمشدہ کتاب کسی کتب کے سیٹ کا حصہ ہو تو سیٹ کی قیمت کا دس گنا جرمانہ وصول کیا جائے گا۔
- ☆ یہ طالب علم کی ذمہ داری ہے کہ وہ کتاب جاری کرواتے وقت لائبریرین یا لائبریری کلرک کو کتاب کی بری حالت سے آگاہ کرے اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو پھر طالب علم خود ذمہ دار ہوگا۔
- ☆ کتاب جاری کرواتے وقت طالب علم کے پاس لائبریری کارڈ کا ہونا ضروری ہے۔
- ☆ 14 دن کے بعد اگر طالب علم کو کتاب کی ضرورت ہو تو اسے سات دن کیلئے دوبارہ جاری کر دی جائے گی۔
- ☆ اصول و ضوابط کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔
- ☆ دو سالہ سیشن کے اختتام پر لائبریری سکیورٹی فیس واپس کر دی جائے گی۔

## حاضری :

- ☆ اگر کوئی طالب علم بغیر اطلاع کے مسلسل چھ دن یا مہینے میں دس دن غیر حاضر رہتا ہے تو اس کا نام خارج کر دیا جائے گا دوبارہ داخلہ قوانین کے تحت ہوگا۔
- ☆ ایسے طالب علم کے لئے لازم ہے کہ وہ پندرہ دن کے اندر اندر دوبارہ داخلہ فیس کے ساتھ اپنا نام داخل کروائے۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو ہر روز کا بیس روپے جرمانہ دوبارہ داخلہ فیس کے ساتھ عائد کیا جائے گا۔
- ☆ 75 فیصد حاضری ضروری ہے۔ حکومتی ہدایت کے مطابق حاضری کم ہونے کی صورت میں داخلہ روک لیا جائے گا۔

## امتحانی نظام :

- ☆ طلباء لازمی طور پر ماہانہ ٹیسٹ میں شامل ہوں جو باقاعدگی سے ہر ماہ لیا جاتا ہے۔
- ☆ ماہ دسمبر میں تمام کلاسز کا مڈ ٹرم امتحان لیا جاتا ہے۔
- ☆ ماہ مارچ میں تمام کلاسز کے سینڈ اپ ٹیسٹ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔
- ☆ سال سوم کے طلباء کیلئے پرموشن ٹیسٹ پاس کرنا لازم ہے پرموشن ٹیسٹ پاس نہ ہونے کی صورت میں سال چہارم میں ترقی نہیں دی جائے گی۔
- ☆ اگر کسی طالب علم کی حاضری 75 فیصد سے کم ہو تو اس کا داخلہ روک لیا جائے گا۔

## ٹیوٹوریل سسٹم :

کالج میں داخل ہونے پر طالب علم کو ایک استاد کی خصوصی نگرانی میں رکھا جاتا ہے جسے ٹیوٹر کہا جاتا ہے۔ ٹیوٹر اپنے متعلقہ شاگرد کی اخلاقی حالت اور کالج کے اندر اور کالج کے باہر اس کی ہر قسم کی بہبود کا خاص خیال رکھتا ہے۔ یہ استاد اپنے گروپ کے تمام طلباء کے کردار کی سرگرمیوں کا باقاعدہ ریکارڈ اپنے پاس رکھتا ہے۔ والدین/ سرپرستوں کا ٹیوٹر سے رابطہ ان کے بچوں کی تعلیم و تربیت کیلئے نہایت مفید اور ضروری ہے۔ ٹیوٹوریل گروپ میں ہر کلاس کے طلباء ہوتے ہیں یعنی ہر گروپ میں سال اول،

دوئم، سوئم اور سال چہارم کے طلباء شریک ہوتے ہیں یوں جونیئر طالب علم ٹیوٹر اور سینئر طلباء سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔

## پراکٹوریل سسٹم :

کالج میں نظم وضبط اور قوانین کے نفاذ اور خوشگوار ماحول کیلئے پراکٹوریل سسٹم متعارف کروایا گیا۔ اساتذہ کرام اس سسٹم کیلئے پراکٹر نامزد کرتے ہیں جو کہ اساتذہ کرام کے معاونین کے طور پر کام کرتے ہیں۔ یہ طالب علم مختلف کلاسوں سے منتخب کئے جاتے ہیں جو کہ اس مقصد کیلئے فائدہ مند ہوتے ہیں۔ پراکٹرز طلباء کے درمیان اخلاقی اقدار کو پروان چڑھاتے ہیں۔ یہ پورے تعلیمی سال میں نظم وضبط کے نفاذ کیلئے بطور معاون کام کرتے ہیں۔

## طلباء کے لئے ضابطہ کار :

- ☆ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق کالج میں سگریٹ نوشی سختی سے منع ہے۔
- ☆ کالج میں موبائل فون کے استعمال پر مکمّل پابندی ہے۔
- ☆ طالب علم کلاس رومز یا برآمدوں میں شور نہ کریں۔
- ☆ موٹر سائیکل یا سائیکل پارکنگ اسٹینڈ پر کھڑے کئے جائیں۔
- ☆ اگر کسی طالب علم کا کردار اطمینان بخش نہ ہو تو کالج انتظامیہ اس کو خارج کر سکتی ہے۔
- ☆ طلباء اپنے کالج کارڈز ہر وقت اپنے پاس رکھیں۔
- ☆ ہمہ قسمی سیاسی سرگرمیاں کالج میں سختی سے منع ہیں۔
- ☆ کسی قسم کا نوٹس یا اشتہار کالج میں پرنسپل کی اجازت کے بغیر ہرگز تقسیم نہیں ہوگا۔
- ☆ پرنسپل آفس، سٹاف روم اور کالج دفتر میں داخلہ بغیر اجازت کے ممنوع ہے۔
- ☆ ہر طالب علم کالج کی فیس وقت پر ادا کرے۔
- ☆ طلباء باقاعدگی سے کلاسز میں جائیں وگرنہ ان کا نام خارج کر دیا جائے گا۔
- ☆ لائبریری کی کتابیں بروقت واپس کر دی جائیں۔
- ☆ نوٹس بورڈ روزانہ پڑھیں۔
- ☆ یونیفارم باقاعدگی سے پہن کر آئیں۔
- ☆ کالج میں فرقہ واریت کو ہوا ہرگز نہ دیں۔
- ☆ تمام طلباء پر کالج قوانین کی پابندی لازم ہے۔

## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج رنگ پور کی اہم نصابی و ہم نصابی سرگرمیاں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | یوم آزادی پاکستان | 2۔ | یوم اقبال |
| 3۔ | تفریحی ومطالعاتی دورہ | 4۔ | یوم قائد |
| 5۔ | مڈٹرم امتحان | 6۔ | سیرت النبی ﷺ |
| 7۔ | سالانہ کھیلیں | 8۔ | سینڈاپ/ پرموشن امتحان |
| 9۔ | پری بورڈ/ پری یونیورسٹی امتحان | 10۔ | الوداعی تقریب |

| |
|---|
| پاسپورٹ سائز فوٹو<br>گوند سے چسپاں کریں |

# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بوائز، رنگ پور، مظفر گڑھ

فون نمبر:0336-6791460 ، ای میل ایڈریس:principal.gcb.rangpur@gmail.com

## داخلہ فارم برائے سال 26-2024

| نام امتحان | سال | سالانہ / سپلیمنٹری | رول نمبر | کل نمبر | حاصل کردہ نمبر | گریڈ | بورڈ | اختیاری مضامین |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میٹرک | | | | | | | | |
| انٹر میڈیٹ | | | | | | | | |

سکول / کالج جہاں سے پاس کیا__________ میٹرک / انٹر میڈیٹ رجسٹریشن نمبر__________

انٹر میڈیٹ پارٹ فرسٹ (برائے ری ایڈمیشن) رول نمبر__________ سال__________ رجسٹریشن نمبر__________

نام طالب علم (اردو میں)__________ انگریزی میں (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق)__________

والد کا نام (اردو میں)__________ انگریزی میں (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق)__________

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شناختی کارڈ / ب فارم نمبر طالب علم | | - | | | | | | | | - | | | | | |
| شناختی کارڈ نمبر والد / سرپرست | | - | | | | | | | | - | | | | | |
| تاریخ پیدائش (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق) | | | | | | | | | | | | | | | |

ڈومیسائل (ضلع کا نام)__________ والد کا پیشہ__________

مذہب: مسلم / غیر مسلم    حافظ: ہاں / نہیں    یتیم: ہاں / نہیں    سرپرست کا نام (اگر یتیم ہو تو)__________

موبائل نمبر امیدوار__________ موبائل نمبر والد یا سرپرست__________

موجودہ پتہ (شناختی کارڈ کے مطابق) موضع__________ ڈاکخانہ__________ تحصیل__________ ضلع__________

کالج رولنمبر__________ داخلہ کی تاریخ__________ جماعت__________ گروپ__________

اختیاری مضامین: 1.__________ 2.__________ 3.__________

**بیان حلفی:** میں حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ اپنے والد / سرپرست کی اجازت سے اس کالج میں داخلہ کے لئے درخواست دے رہا ہوں، مجھے اس بات کا علم ہے کہ اگر میری حاضری 75 فی صد سے کم ہوئی تو قواعد کے تحت میرا داخلہ روک دیا جائے گا اور میں ان جملہ قوانین پر پوری طرح عمل کروں گا جو کالج انتظامیہ وقتاً فوقتاً نافذ کرے گی۔

دستخط درخواست دہندہ__________ دستخط داخلہ کمیٹی ممبر (1)__________

دستخط والد سرپرست__________ دستخط داخلہ کمیٹی ممبر (2)__________

تاریخ__________ دستخط داخلہ کمیٹی چیئرمین__________

# شرائط وضوابط

1. اگر طالب علم سے کسی قسم کی بداخلاقی، گستاخی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ہوئی تو ادارہ کے سربراہ کو مکمل اختیار ہو گا کہ طالب علم کو جتنی مدت کے لئے چاہے کالج سے نکال دے۔ کالج سے نکال دینے کی صورت میں طالب علم کسی عدالتی یا غیر عدالتی چارہ جوئی کرنے کا مجاز یا حق دار نہ ہو گا۔

2. طالب علم کا نام مسلسل چھ روز غیر حاضر ہونے کی صورت میں کالج سے خارج کیا جا سکتا ہے۔ خارج ہونے کی صورت میں ادارہ کے سربراہ کو مکمل اختیار ہو گا کہ طالب علم کو دوبارہ دے یا نہ دے۔

3. یہ امر لازمی ہے کہ طالب علم بااخلاق اور کالج کے قواعد وضوابط کے تحت تعلیم حاصل کرے گا اور تخریبی وسیاسی سرگرمیوں سے ہر حال میں گریز کرے گا۔

4. اگر طالب علم حاضری بورڈ / یونیورسٹی کے اصول کے مطابق 75 فی صد پوری نہ ہوئیں تو طالب علم بورڈ / یونیورسٹی کا امتحان دینے کا اہل نہیں ہو گا۔

5. اگر طالب علم کی تخریبی سرگرمیوں سے کالج کی عمارت، سامان، یا کسی بھی چیز وغیرہ کو نقصان پہنچا تو طالب علم اور اس کے والد / یا سرپرست پر اس نقصان کی تلافی کی ذمہ داری ہو گی۔

# اقرار نامہ

میں اقرار کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا شرائط کا پابند رہوں گا، اگر دانستہ یا غیر دانستہ بھی شرائط پوری نہ ہو سکیں تو ادارہ کے سربراہ کو اختیار ہو گا کہ وہ مجھے کالج سے خارج کر دے۔ نیز اگر میری حاضری 75٪ سے کم ہو تو میر داخلہ بورڈ / یونیورسٹی کو نہ بھجوایا جائے۔ مجھے اعتراض نہ ہو گا۔

دستخط امیدوار ______________ نشان انگوٹھا امیدوار ______________

میں نے مندرجہ بالا شرائط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔ لہذا میں اپنے بچے کو بحیثیت والد / سرپرست ان شرائط کا پابند رکھوں گا۔

دستخط والد / سرپرست ______________ نشان انگوٹھا والد / سرپرست ______________

---

## کیا داخلہ فارم کے ساتھ درج ذیل کوائف لف کر دیئے ہیں:

| | |
|---|---|
| 1. میٹرک کے رزلٹ کارڈ / سند کی مصدقہ کاپی دو عدد | ہاں / نہیں |
| 2. انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ کارڈ / سند کی مصدقہ کاپی (سال سوئم کے داخلہ کے لیے) دو عدد | ہاں / نہیں |
| 3. سابقہ تعلیمی ادارہ سے جاری کردہ کریکٹر سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی دو عدد | ہاں / نہیں |
| 4. والد کے شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی دو عدد | ہاں / نہیں |
| 5. امیدوار کے بے فارم / شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی دو عدد | ہاں / نہیں |
| 6. نیلے بیک گراونڈ والی تصاویر پاسپورٹ سائز چھ عدد | ہاں / نہیں |

(تین فوٹو فارم پر متعلقہ جگہ پر گوند سے چسپاں کریں اور تین فوٹو لفافے میں ڈال کر فارم کے ساتھ لف کریں)

**نوٹ:** داخلہ فارم بمعہ تمام کوائف آفس فائل کور میں لف کریں اور فائل پر امیدوار کا نام، والد کا نام، میٹرک / انٹرمیڈیٹ کا رولنمبر اور سال ضرور لکھیں۔

پلاسٹک فائل کور ہرگز استعمال نہ کریں۔ نیز داخلہ فیس کا اداشدہ چالان کی کالج کاپی آفس فائل میں لف کریں اور سٹوڈنٹ کاپی اپنے پاس رکھیں۔

---

بنک میں ادا کی گئی فیس کا چالان نمبر ______________ فیس ادا کرنے کی تاریخ ______________

داخلہ فارم وصول کرنے والے کے دستخط ______________ تاریخ ______________

پاسپورٹ سائز فوٹو
گوند سے چسپاں کریں

# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بوائز، رنگ پور، مظفر گڑھ

فون نمبر: 0336-6791460 ، ای میل ایڈریس: principal.gcb.rangpur@gmail.com

## لائبریری کارڈ

نام طالب علم (اردو میں)__________ انگریزی میں (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق)__________

والد کا نام (اردو میں)__________ انگریزی میں (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق)__________

کلاس__________ گروپ__________ کالج رول نمبر__________ شناختی کارڈ / بے فارم نمبر__________

موبائل نمبر__________ گھر کا مکمل پتہ__________

×..............................................................×

پاسپورٹ سائز فوٹو
گوند سے چسپاں کریں

# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بوائز، رنگ پور، مظفر گڑھ

فون نمبر: 0336-6791460 ، ای میل ایڈریس: principal.gcb.rangpur@gmail.com

## سٹوڈنٹ کارڈ

نام طالب علم (اردو میں)__________ انگریزی میں (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق)__________

والد کا نام (اردو میں)__________ انگریزی میں (تعلیمی سرٹیفکیٹ کے مطابق)__________

کلاس__________ گروپ__________ کالج رول نمبر__________ شناختی کارڈ / بے فارم نمبر__________

موبائل نمبر__________ گھر کا مکمل پتہ__________

# GENERAL HEALTH PROFILING FOR STUDENTS
# GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR BOYS RANGPUR

***Part-A Basic Personal Information (To be filled by student)***

Name of Student: ____________________________ Degree Program: ______________________ Gender: _____ Age: ________

Residential Address:_________________________________________________________________ Contact No.: __________________

***Part-B Basic Medical History (To be filled by student and verified by recognized Medical Professional (RMP)***

| Sr. No | Indicator | Yes | No | Detail if any |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Family History of any Medical or Psychiatric illness: | | | |
| 2. | Past medical and surgical history if any | | | |
| 3. | History of substance abuse in family (Drugs): | | | |
| 4. | Decrease appetite and loss of weight | | | |

***Part-C General Physical Examination (To be filled by paramedical staff)***

| Sr. No | Indicator | Yes | No | Detail if any |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Height | | | |
| 2. | Weight | | | |
| 3. | Blood Pressure | | | |
| 4. | Temperature | | | |
| 5. | Pulse Rate | | | |
| 6. | Respirator Rate | | | |
| 7. | Any obvious structural abnormality on inspection | | | |
| 8. | Any superficial cuts, needle marks, or burn marks on skin | | | |

***Part-D: General Mental Health (as per Psychiatrist Assessment)***

| Sr. No | Indicator | Good | Average | Poor |
|---|---|---|---|---|
| 1. | General appearance and behavior | | | |
| 2. | Self-care: | | | |
| 3. | Rapport building: | | | |
| 4. | Understanding of situation/response to instruction. | | | |

**2. General Mental Health (To be filled & authenticated by concerned institution)**

| Sr. No | Indicator | Yes | No | Detail if any |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Past psychiatric history, if any | | | |
| 2. | History of smoking/abuse | | | |
| 3. | Decline in academic performance | | | |
| 4. | Risky behavior, vehicle accident, school fight, weapon possession | | | |
| 5. | Habit of running away/missing routine classes: | | | |
| 6. | History of stealing, late arrival in school, sexual activities | | | |
| 7. | Bad company, bullying, drug and scuffle: | | | |
| 8. | Isolation from positive interest/hobbies: | | | |
| 9. | Abrupt change in daily routine: | | | |
| 10. | Decline in other activities/hobbies | | | |
| 11. | Disturbed sleep awake-cycle/habit of dozing in class: | | | |
| 12. | Social media posts/other indications pointing towards drug use, tattoos, stickers on vehicle/books | | | |
| 13. | Mood swings/increased irritability | | | |
| 14. | Lack of physical energy and motivation, fatigue & tiredom | | | |
| 15. | Decline in self-care: | | | |
| 16. | Suspiciousness or other unusual behavior: | | | |
| 17. | Decline in socialization: | | | |
| 18. | Unusual protective behavior/over secretive behavior | | | |
| 19. | Evidence of remains of cigarette/objects and tools used for drugs found in personal belonging: | | | |

***Part-E: (Applicable in case of positive initial risk assessment)***

- Structured/formal psychological assessment to be carried out if there is sound susceptibility of substance use

  ________________________________________________________________________

- Urine drug screening test if formal psychological assessment confirms suspicion of drug addiction.

  ________________________________________________________________________

Signature of Registered Medical Practitioner Signature of Teacher In charge

# کالج کا گزشتہ تین سالہ رزلٹ

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج رنگ پور شاندار نتائج کا حامل ادارہ رہا ہے جو کہ اساتذہ اور طلباء کی انتھک محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ادارے کا رزلٹ ہمیشہ بورڈ سے بہتر رہا ہے۔ رزلٹ بہتر بنانے کے لیے کنٹرولر امتحانات کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ کالج میں باقاعدہ ہفتہ وار ٹیسٹ، ماہانہ ٹیسٹ، مڈٹرم امتحان، سینڈاپ امتحان، دہرائی ٹیسٹ اور پری بورڈ امتحان کا انعقاد کیا جاتا ہے تا کہ طلباء کے رزلت کو بہتر بنایا جا سکے۔

## انٹرمیڈیٹ رزلٹ 23-2021ء

| سال | کل طالب علم | پاس طالب علم | کالج رزلٹ | بورڈ رزلٹ |
|---|---|---|---|---|
| 2021ء | 158 | 158 | 100% | 98.79% |
| 2022ء | 218 | 200 | 91.74% | 82.37% |
| 2023ء | 238 | 169 | 71% | 66.83% |

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# PRIDE OF GACB RANGPUR

**Students of Rangpur College follow the motto**

**"Enter to Learn ............... Leave to Serve"**

After completion of education, these shining stars perform their duties at different designation to serve the country.

**Following are the some examples:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | Shahid Nadeem Rana<br>Session: 1996 - 98<br>Current Status: Deputy Secretary Agriculture | (2) | Dr. Fayyaz Rasool<br>Session: 1996 - 98<br>Current Status: Associate Professor |
| (3) | Dr. Amir Bilal Khera<br>Session 1995 - 1997<br>Current Status: Senior Medical Officer | (4) | Muhammad Bilal<br>Session: 1996 - 1998<br>Current Status: District Officer Duaba Foundation |
| (5) | Salman Abbas<br>Session: 2005 - 2007<br>Current Status: Lecturer IUB | (6) | M. Asad Baloch<br>Session: 2009 - 2011<br>Current Status: Atomic Engineer |
| (7) | Shoukat Ali Khan<br>Session: 2009 - 2011<br>Current Status: Lecturer English | (8) | Mustansar Tahir<br>Session: 2013 - 2015<br>Current Status: Electrical Engineer |
| (9) | M. Asif Shahzad<br>Session: 2014 - 2016<br>Current Status: Director Millon Smile Foundation. | | |